سوال

(347) تھریشر مشین کے ذریعے جمع شدہ گندم پر عشر؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عمر نے ایک تھریشر مشین خریدی اور پھر علاقہ بھر کے زمینداروں کے کھلیانوں پر جا کر گندم کی گھائی (دانہ اور بھوسہ الگ الگ) کی۔ طے پایا تھا کہ ہر دس بوری گندم کی گھائی پر ایک بوری عمر لے گا۔ اس طرح عمر کے پاس ۱۰۰ بوری گندم اکٹھی ہوگئی۔ کیا عمر پر عشر واجب الاداء ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

سبزیوں کے ماسوا عشر زمین کی پیداوار میں ہے۔ تھریشر مشین کے ذریعے جمع شدہ گندم چونکہ اس قبیل سے نہیں اس لیے اس میں عشر بھی نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 300

محدث فتویٰ